EN/01/Jan-Feb/2025

بیلیورز ایسٹرن چرچ ورلڈ ہیڈ کوارٹرز

آفس آف دی میٹروپولیٹن، سینٹ تھامس کمیونٹی، کتاپوزہاپوسٹ آفس تھرووالا۔۶۸۹۱۰۳ کیرالہ، انڈیا

جنوری/فروری ۲۰۲۵

چوپانی خط

میرے پیارے نگہبانو اور پاک کلیسیا کے تمام ایماندارو

ہمارے خُداوند اور نجات دہندہ، یسُوع مسیح کی طرف سے فضل، رحمت اور سلامتی آپ کے ساتھ ہو✠۔

قدیم زمانے سے، پاک کلیسیا نے ہماری رُوحوں کی طہارت، خُدا کے ساتھ ہمارے اِتحاد کو گہرا کرنے، اپنے آپ کو عاجز کرنے، ہمارے خُداوند کی بے پناہ رحمت پر غور کرنے، اور پاشکا (ایسٹر) کا شاندار جشن منانے کے لیے ہمارے دلوں کو تیار کرنے کے لیے روزوں کا موسم منتخب کر رکھا ہے۔ جیسے ہم اِس مقُدس سفر کو شروع کرنے کی تیاری کرتے ہیں، تو آپ کے روحانی باپ کے طور پر، میں آپ کی دِلی توجّہ چند خاص رَہنما اصولوں کی طرف دِلانا چاہتا ہوں، جو آپ کو اِس موسم کو وَفاداری سے اور بامعنی طور پر منانے میں مدد کریں گے:

1۔ **روزہ:** روزوں کے دَوران روزہ رکھنے کا نظم وضبط تَوبہ اور خُود پر قابو پانے کا عمل ہے۔ ہمارے خُداوند یسُوع مسیح نے مقُدس متّی کی انجیل 4: 17 میں فرمایا: "تَوبہ کرو، کیونکہ آسمان کی بادشاہی نزدیک ہے"۔ تَوبہ صرف اپنے گناہوں کا اقرار نہیں ہے بلکہ اپنے پورے وجود کا خدا کی طرف رجوع لانا، اپنے آپ کو اس کے فضل، رحمت اور پاکیزگی حاصل کرنے کے لیے کھولنا ہے۔ اور اس لیے، آیئے ہم صرف کھانے سے پرہیز کرنے پر توجہ مرکوُز نہ کریں بلکہ اُن تمام چیزوں سے پرہیز کریں جو خُدا اور ہمارے ساتھی اِنسانوں کے ساتھ ہمارے رِشتے میں رُکاوٹ بنتی ہیں — غرُور، غُصّہ، لالچ، تلخی، اور وہ تمام چیزیں جو ہماری رُوح کی اندرُونی کوٹھڑی کو آہستہ آہستہ تباہ کرتی ہیں۔

2۔ **دُعامیں اضافہ:** آیئے دُعا کے ذریعے خُدا کے ساتھ اپنے تعلق کو گہرا کرنے کا عہد کریں۔

- روزانہ کی دُعا: ہر روز ذاتی دُعا کا معمول قائم کریں۔
- لطوُریائی عبادت: اپنے پیرش میں ہونے والی روزانہ کی عبادات اور دعاؤں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، کیونکہ یہ دھیان اور عبادت کے لیے گہرے لمحات فراہم کرتی ہیں۔
- یسُوع کی دُعا: جتنی بار ہوسکے یسُوع کی دُعا مانگیں: "خُداوند یسُوع مسیح، خُدا کے بیٹے، مُجھ گنہگار پر رحم کر۔"

3۔ **خیرات:** روزے ہمیں ضرورت مندوں کی دیکھ بھال کی دعوت دیتے ہیں۔ ہمارے خُداوند کے الفاظ یاد رکھیں: ”جو کچھ تم نے میرے اِن چھوٹے بھائیوں اور بہنوں میں سے کسی ایک کے ساتھ کیا، وہ میرے ساتھ کیا“ (مقُدس متّی 25: 40)۔

الف۔ اپنی آمدنی اور وسائل کا ایک حصہ اپنی کمیونٹی کے غریبوں اور ضرورت مندوں کی مدد کے لیے مختص کریں۔

ب۔ اپنے وقت، صلاحیتوں اور مال کا حصہ ڈالتے ہوئے پیرش کے اقدامات میں سرگرمی سے حصہ لیں۔

ج۔ دُکھی لوگوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کریں، اور آپ جو کچھ بھی کرتے ہیں اس میں مہربانی، ہمدردی اور راحت کا مظاہرہ کریں۔

یاد رکھیں، ہر دُعا، خیرات دینے کے ہر عمل اور آزمائش پر غالب آنے کی ہر کوشش کے ذریعے، ہم قیامت کے نور کے قریب تر ہوتے ہیں۔

روزے محض ایک انفرادی نظم وضبط نہیں ہے بلکہ ایک اجتماعی کوشش ہے۔ ہم ایک کلیسیا ہیں، اور آئیں، مل جُل کر اپنے خُداوند یسُوع مسیح کے نمونہ پر عمل کرنے کے لیے محنت کریں، جس نے ہمیں خود انکاری اور روحانی تجدید کا راستہ دکھاتے ہوئے بیابان میں چالیس دن کا روزہ رکھا۔

پاک کلیسیا کی طرف سے فراہم کردہ روزوں کے وسائل کو استعمال کرنا نہ بھولیں، جیسے کہ اپنی رُوح کی پرورش کے لیے کلامِ مقُدس اور ہمارے پیارے میٹروپولیٹن باپ مورن مور ایتھناسیئس یوحنّا اوّل کی مقُدس یادگار تحریروں کی روزانہ تلاوت۔

خُدا کرے کہ یہ موسم ایک وقت ہو :

- ذاتی غور وخوض، رُوحانی ترقّی، اور رشتوں کی بحالی کا

- اپنے ضمیر کو سچے دِل سے پرکھنے، خُدا اور دوسروں کے ساتھ اپنے تعلق میں جہاں کمی واقع ہوئی اُس کے لیے توبہ کرنے کا
- عاجزی کے ساتھ اعتراف کے ساکرامنٹ تک پہنچنے، خُدا کے فضل سے اپنی رُوح کی صفائی کی تلاش کا
- جن لوگوں نے آپ کے ساتھ غلط کیا ہے اُن کو معاف کرنے اور جن کو آپ نے تکلیف دی ہے اُن سے معافی مانگنے کا
- خُدا اور دُوسروں کے سامنے اپنے آپ کو عاجز کرنے کا
- جہاں تفرقہ ہو وہاں امن لانے کا اور
- مسیح میں ایک بدن کے طور پر رہنے کی کوشش کرنے کا۔

میں آپ میں سے ہر ایک کے لیے دُعائیں مانگتا ہوں، کہ روزوں کے اِن مقدّس ایّام میں خُدا کا فضل آپ کو قوّت بخشے۔ وہ آپ کو اپنی مرضی کو سمجھنے کی حکمت، اُس کے حکموں پر عمل کرنے کی طاقت اور سب پر اپنی رحمت فرمانے کی محبت عطا کرے۔

پاک تثلیث؛ باپ، بیٹا اور رُوح القُدس اپنے بے پناہ فضل اور رحمت کے ساتھ ہماری رہنمائی کرے اور تمام مقدّسوں اور خُدا کی ماں کی شفاعتیں خُدا کے تخت کے سامنے اَب اور ہمیشہ ہماری حفاظت کریں۔ ✠ آمین۔

پدرانہ محبت اور دُعاؤں کے ساتھ

مورن مور سیموئیل تھیوفیلس   بتاریخ: ۱۱ فروری ۲۰۲۵

میٹروپولیٹن   بمقام: ورلڈ چرچ ہیڈ کوارٹرز